مطبوعات

آسان درسِ عربی | مؤلف :- جناب محمد یار راضی صاحب

ناشر:- محمد یار راضی - محمدی سٹریٹ نیوسمن آباد لاہور

صفحات :- ۱۲۸ قیمت :- ۴/ روپے

"آسان درسِ عربی" تعلیم یافتہ نوجوانوں کو سادہ اور عام فہم انداز میں عربی سکھانے کے لیے تحریر کی گئی ہے - یہ کتاب پچیس آسان اسباق پر مشتمل ہے - فاضل مؤلف نے ابتداء ان عربی الفاظ سے کی ہے جو اُردو زبان میں بھی روزانہ استعمال ہوتے ہیں تاکہ عربی زبان کے متعلق ذہنوں میں مغائرت کا احساس پیدا نہ ہو - عربی گرامر کے پیچیدہ قواعد اور اس کی بھاری بھرکم اصطلاحات سے بچتے ہوئے ہلکے پھلکے انداز میں ضروری قواعد کو پیش کیا گیا ہے - کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں اکثر الفاظ، جملے اور اقتباسات قرآن مجید سے لیے گئے ہیں اور اس طرح قرآنِ حکیم سے ایک گونہ ذہنی لگاؤ پیدا ہوتا ہے - ہم ثانوی جماعتوں کے طلبہ کے لیے بالخصوص اور عربی سیکھنے کے خواہشمند حضرات کے لیے بالعموم اس کتاب کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں -

---

غیر فانی تہذیب | مصنّف :- پروفیسر سعید اختر صاحب

ناشر:- قاضی سنز، پبلشرز اینڈ بک سیلرز - جان محمد روڈ انار کلی لاہور

کاغذ نیوز پرنٹ - صفحات :- ۲۲۴ قیمت :- ۱۵/- روپے

زیر تبصرہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے - پہلے حصّے میں اسلامی تہذیب کو تشکیل دینے والی چند بنیادی صفات کا ذکر ہے - مثلاً تقویٰ، ذکر، تدبّر، تحمل، عفوودرگذر، صبر، شکر، عدل اور عفووا حسان - اسی حصّہ میں اسلامی نظامِ تعلیم کے خدوخال کا مختصر خاکہ بھی پیش کیا گیا ہے - فاضل مصنّف نے (باقی بر صفحہ ۴۸)

(بقیہ مطبوعات)

نہایت سادہ اور عام فہم لیکن دلنشیں پیرایہ میں اسلامی تہذیب کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے اور ہر عنوان کے تحت قرآن مجید کی آیات ، احادیث نبوی ، آثار صحابہ رضی اور علمائے قدیم وجدید کے افکار کو بڑی عرق ریزی سے جمع کر دیا ہے۔ اس سے فاضل مؤلف کی وسعتِ مطالعہ اور حسنِ انتخاب کا پتہ چلتا ہے۔ کتاب کے دوسرے حصّہ "آئینہ سیرت" میں سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مطہّرہ پر قلم اُٹھایا گیا ہے اور کتاب کے تیسرے حصّہ "آئینہ خلافت" میں خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم کے حالاتِ زندگی اور ان کی دینی و ملی خدمات کا تذکرہ ہے۔

فاضل مؤلف نے یہ کتاب انٹرمیڈیٹ اسلامیات کے جدید نصاب کو پیش نظر رکھ کر تالیف کی ہے۔ لہٰذا طلباء کے لیے یہ کتاب بہت مفید ثابت ہوگی۔ طلباء کے علاوہ عام دینی ذوق رکھنے والے لوگ بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔